سوال

(188)حرمین شریفین کے ائمہ کیا مقلد ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حرمین شریفین کے ائمہ کیا مقلد ہیں؟ کیونکہ مقلدین اپنے دلائل میں یہ بھی ذکر کرتے ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حرمین شریفین کے بعض ائمہ کا مخصوص مذہب کی طرف انتساب ان معنوں میں قطعاً نہیں کہ وہ کتاب وسنت کے نصوص کے مقابلہ میں اقوال ائمہ کو ترجیح دیتے ہوں جبکہ تقلید کا مفہوم یہ ہے کہ کسی کے قول کو بلا دلیل قبول کرلینا۔ سعودی عرب کی فضاء کا بالعموم امتیازی پہلو یہ ہے کہ وہاں فقہ کو تقابلی انداز میں پڑھا یا جاتا ہے جو محدثین کا طرہ امتیاز ہے جب کہ ہمارے ہاں کے متعصبانہ حنفی ماحول میں اس بات کا تصور مشکل امر ہے بلکہ یہاں نصوص شرعی کو توڑ مروڑ کر امام کے قول کے مطابق ڈھالنا باعث افتخار سمجھا جاتا ہے۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ

۔

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص495

محدث فتویٰ